(ادارہ)



تعارف و تبصرہ کتب

<u>آغا خانیت کی حقیقت</u> مصنف۔ مولانا عبید اللہ چترالی۔ ناشر۔ مکتبہ دار القلم نمک منڈی پشاور صفحات چالیس۔ قیمت درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتابچہ دار العلوم حقانیہ کے قابل فخر فرزند مولانا عبید اللہ چترالی مدرس دار العلوم سرحد پشاور کی تصنیف ہے۔ مولانا عرصہ دراز سے فرق باطلہ میں اسمٰعیلیہ آغا خانیہ کے تعاقب میں لگے ہوئے ہیں۔ اس وادی پرخار میں قدم رکھتے ہی آپ کو قید و بند کے ساتھ وطن بدری اور جسمانی ایذا رسانی جیسے مصائب سے گذرنا پڑا۔ موصوف کامیاب مدرس کی حیثیت سے بھی طالب علم برادری میں جانی پہچانی شخصیت ہیں۔

اس موضوع پر مصنف نے ایک کتاب "مذہب اسمٰعیلیہ قرآن وحدیث کے آئینہ میں" تصنیف اور شائع کیا ہے جس سے اس مذہب کے پیرو کاروں میں کھلبلی مچ گئی۔ اور مولانا کے درپے آزار ہو گئے۔ زیر نظر کتابچہ اس سلسلہ کی ایک نئی کاوش ہے۔ حجم کے اعتبار سے یہ چھوٹا سا رسالہ درحقیقت دریا بکوزہ اندر کا مصداق ہے۔

<u>دینی مدارس کی خدمات</u>۔ مصنف:۔ قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب۔ شائع کردہ۔ انجمن اشاعت القرآن والحدیث مدنی روڈ۔ اٹک شہر۔ صفحات ۳۲۔ قیمت دو روپے۔

گذشتہ سال دار العلوم حقانیہ میں جنرل ضیاء الحق کا ایک گروپ تربیت کے سلسلہ میں دو چار روز مقیم رہا حضرت شیخ الحدیث صاحب کے حسب ارشاد مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب مدظلہ نے اس گروپ کو دینی مدارس کی خدمات عظمت اور اہمیت پر سیر حاصل خطاب فرمایا۔ جو بعد میں شائع ہوا۔ مضمون کی افادیت اور اہمیت کی بنا پر اس تقریر کو نہایت مقبولیت حاصل ہوئی۔ اسی وجہ سے اسے مستقل کتابی شکل دی گئی ہے۔ کتابچہ اپنی اہمیت اور افادیت کے لحاظ سے نہایت کار آمد ہے۔ حافظ محمد ابراہیم فانی

<u>معالم العرفان فی دروس القرآن</u>۔ جلد ۲۔ قیمت ۱۸ روپے۔ صفحات ۲۲۴

افادات۔ مولانا صوفی عبد الحمید صاحب سواتی۔ پتہ۔ ادارہ نشر و اشاعت۔ مدرسہ نصرت العلوم۔ گوجرانوالہ

قرآن کریم جو تمام دینی اصولوں کا مجموعہ اخیر کثیر اور حکمت کا مکمل کورس ہے۔ اس لئے ہر دور میں اس کی تعلیم اشاعت اور تبلیغ و ترویج کا اہم ترین تقاضا رہا ہے۔ ارشاد نبوی ہے۔

"فاتخذوہ ذخرا و زادا"